سبق:5

وقت بڑا انمول ہے بچّو

وقت بڑا انمول ہے بچّو　　پل پل اس کا ہیرا سمجھو
وقت کی عزت کرنا سیکھو　　اس دُنیا میں جینا سیکھو
پل پل کے یہ ہیرے موتی پلکوں سے تو،تول
وقت بڑا انمول ہے بچّو، وقت بڑا انمول

وقت کی گودی سے اُٹھے تھے　　گاندھی جی اور چاچا نہرو
مولانا آزاد سے گیانی　　جن کی باتیں گیان کی وانی
گیان کی وانی کا بھی بھلا ہے دنیا میں کیا مول
وقت بڑا انمول ہے بچّو وقت بڑا انمول

ٹیچر ہو یا بھائی اپنا　　عزت سب کی دِل سے کرنا
سب سے پریم اور پیار سے ملنا　　نفرت کے سائے سے بچنا
اِن باتوں کو سوچو سمجھو اور دل میں لو، تول
وقت بڑا انمول ہے بچّو وقت بڑا انمول

پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ		معانی
انمول	:	قیمتی
گیان	:	علم
وانی	:	بولی

سوچیے اور بتائیے

(الف) اس نظم میں کسے انمول کہا گیا ہے؟

(ب) اس نظم میں کن کن شخصیتوں کا نام ہے؟

(ج) کس چیز سے بچنا چاہیے؟

(د) اس نظم سے کیا سبق ملتا ہے؟

شعر مکمل کریں

الف) وقت کی عزت کرنا سیکھو

....

(ب) ....

گاندھی جی اور چاچا نہرو

(ج) سب سے پریم اور پیار سے ملنا

....

'انمول' اس لفظ کے دو حصے ہیں ''اَن'' اور ''مول'' = انمول یعنی جس کی کوئی قیمت نہیں (بیش قیمت)

نیچے دیئے گئے الفاظ میں ''اَن'' جوڑ کر لفظ بنایئے اور اُن کے معنی بھی لکھئے

جان۔ داتا۔ پڑھ۔ بن۔ دیکھا۔

خالی جگہوں میں مناسب لفظ بھریئے

گیان،	ٹیچر،	انمول،	عزت،	وقت

وقت بڑا..................... ہے بچّو

وقت کی..................... کرنا سیکھو

.... کی گودی سے اٹھے تھے

.... ہو یا بھائی اپنا

جن کی باتیں..................... کی وانی